الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 11اپریل2022

آج الیکشن کمیشن آف پاکستان میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی صدارت میں ایک اہم اجلاس ہوا جس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن اور الیکشن کمیشن کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

اجلاس میں بتایا گیا کہ الیکشن کمیشن کو صوبہ پنجاب ، بلوچستان ، سندھ اور اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات سمیت عام انتخابات میں مطلوبہ فنڈز کی فراہمی کے لئے مسلسل مسائل کا سامنا ہے جس کی وجہ سے شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں اور اہم آئینی امور مجوزہ بالا انتخابات کے انعقاد کے لئے متاثر ہورہے ہیں ۔الیکشن کمیشن نے اس پر شدید ردعمل کا اظہار کیاکہ اس طرح سے نہ صرف الیکشن کمیشن کی آئینی و قانونی ذمہ داری میں مشکلات پیدا کی جار ہی ہیں بلکہ معزز عدالت عظمی سپریم کورٹ کے بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کےحوالے سے مورخہ 15مارچ 2021اور مورخہ 25مارچ 2021کے احکامات کی بھی مکمل خلاف ورزی ہے ۔اس لئے الیکشن کمیشن نے فیصلہ کیا کہ رجسٹرار سپریم کورٹ کو بھی عدالت عظمی کے احکامات کی روشنی میں صورتحال سے آگاہ کیا جائے ۔ کیونکہ اس کی وجہ سے بلدیاتی انتخابات جوپہلےہی تاخیر کا شکار ہوچکے ہیں اب مزید ان کے انعقاد میں تاخیرکا خدشہ ہے ۔

مزید برآں سیکرٹری الیکشن کمیشن کو ہدایت کی گئی کہ و ہ اس سلسلے میں فیڈر ل سیکرٹری خزانہ اور متعلقہ چیف سیکرٹریز سے بھی بات کریں اور جلد از جلد اس معاملے کو حل کریں ۔